مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# Maulana Azad National Urdu University

## M.A. URDU II Semester Examination April/May -2026

Paper Title: **URDU GHAZAL** Paper Code: **MAUR202CCT**

## پرچہ : اردو غزل

3 Hrs : وقت : Time گھنٹے — Maximum. Marks **70 :** جملہ نشانات

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات (3) حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں (10) لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے (1) نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں (8) سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی (5) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (6) نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں (5) سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی (3) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (10) نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

### حصہ اول

**سوال : 1**

(i) "اب وہی حرف جنوں سب کی زباں ٹھہری ہے" اس مصرعہ اولیٰ کے صحیح مصرعہ ثانی کی نشان دہی کیجیے۔

(a) ہجر کی شب ہے تو کیا سخت گراں ٹھہری ہے (b) بوئے گل ٹھہری ہے نہ بلبل کی زباں ٹھہری ہے

(c) جو بھی چل نکلی ہے وہ بات کہاں ٹھہری ہے (d) نگہ شوق پل بھر کو جہاں ٹھہری ہے

(ii) مطلع کے لغوی معنیٰ کیا ہیں؟

(a) طلوع ہونے کی جگہ (b) غزل کا پہلا شعر (c) قصیدہ کا پہلا شعر (d) قافیہ اور ردیف کے استعمال کی جگہ

(iii) "غزل اور متغزلین" کے مصنف کون ہیں؟

(a) عبادت بریلوی (b) نورالحسن ہاشمی (c) شمس الرحمٰن فاروقی (d) ابواللیث صدیقی

(iv) "مجھے بھی فخر ہے شاگردی داغ سخنداں کا" یہ شعر کس کا ہے؟

(a) فانی (b) اقبال (c) اصغر (d) یگانہ

(v) "اس قدر پیار سے اے جان جہاں رکھا ہے۔ دل کے رخسار پہ اس وقت تری یاد نے ہاتھ" اس شعر میں کون سی پیکر تراشی استعمال ہوئی ہے؟

(d) بصری پیکر تراشی (b) سمعی پیکر تراشی (c) لمسی پیکر تراشی (d) مذوقی پیکر تراشی

(vi) غالب کی مشکل پسندی کے تعلق سے یہ شعر کس نے کہا؟

اگر اپنا کہا تم آپ ہی سمجھے تو کیا سمجھے مزا کہنے کا جب ہے اک کہے اور دوسرا سمجھے

(a) آغا جان عیش (b) یاس یگانہ چنگیزی (c) ذوق (d) میر تقی میر

(vii) درج ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

"رات محفل میں تری ہم بھی کھڑے تھے چپکے جیسے تصویر لگا دے کوئی دیوار کے ساتھ۔"

(a) حسرت (c) جگر (b) فانی (d) میر

(viii) ناصر کاظمی کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(a) پٹیالہ (b) انبالہ (c) پٹنہ (d) لاہور

(ix) فراق گورکھپوری کو" گل نغمہ " پر کب گیان پیٹھ ایوارڈ ملا تھا؟

(a) 1969 (b) 1970 (c) 1971 (d) 1968

(x) "شہر ملال" کس کا کلیات ہے؟

(a) عرفان صدیقی (b) شہریار (c) مجروح سلطان پوری (d) مخدوم محی الدین

## حصہ دوم

2. غزل کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی سے بحوالہ بحث کیجیے۔

3. لکھنؤ اسکول کی غزلوں کی نمایاں خصوصیات مثالوں کے ساتھ اجاگر کیجیے۔

4. دلی اسکول کی غزلوں کی امتیازی خصوصیات مثالوں کے ساتھ اجاگر کیجیے۔

5. جدید غزل کی نمایاں خصوصیات کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

6. نئی غزل کی نمایاں خصوصیات کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

7. علامہ اقبال کی غزل گوئی کے نمایاں پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

8. فانی بدایونی کو کیوں قنوطی شاعر کہا جاتا ہے؟ مثالوں سے ثابت کیجیے۔

9. مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔

یہ آرزو تھی تجھے گل کے رو بہ رو کرتے ہم اور بلبل بیتاب گفتگو کرتے

ہمیشہ رنگ زمانہ بدلتا رہتا ہے سفید رنگ ہیں آخر سیاہ مو کرتے

وہ جان جاں نہیں آتا تو موت ہی آتی دل و جگر کو کہاں تک بھلا لہو کرتے

نہ پوچھ عالمِ بر گشتہ طالعی آتش برستی آگ جو باراں کی آرزو کرتے

## حصہ سوم

10. غزل کی شعریات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس کے بنیادی نکات سے بحث کیجیے۔

11. غزل کے آغاز و ارتقا پر ایک مفصل نوٹ تحریر کیجیے۔

12. ترقی پسند غزل کے نمایاں پہلوؤں پر ایک مفصل نوٹ لکھیے۔

13. میر کو خدائے سخن کیوں کہتے ہیں؟ دلائل سے ثابت کیجیے۔

14. غالب کی شعری خصوصیات کو حوالوں سے اجاگر کیجیے۔